ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(573)

مورخہ 28.10.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 05ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید اور تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03ملزمان زاہد علی، اسلم اور سعید احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 کلو640 گرام چرس اور 20 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 02ملزمان غلام محمد اور سرور کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 26 لیٹر شراب برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب اور منشیات ایک لعنت ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد